© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

فریم عینکی

☆ پاکستانی حدود کی آئندہ خلاف ورزی نہیں ہوگی۔ (امریکہ کی ضمانت)

''اور ڈرون حملے روزانہ ہوتے رہیں گے۔''

☆ سازشوں کے باوجود حکومت مدّت پوری کرے گی۔ (فردوس عاشق اعوان)

نہیں! کرپشن کے باوجود حکومت مدّت پوری کرے گی۔

☆ بابر عوان کے عمرے کے لیے جانے پر شیطان نے احتجاج کیا۔ (رانا ثناء اللہ)

کہ بیرون در چہ کردی؟ کہ درونِ خانہ آئی

☆ لوٹ مار میں اگر حکومت سیر ہے تو اپوزیشن سوا سیر ہے۔ (شیخ رشید)

اور مشرف حکومت ڈیڑھ سیر تھی۔

☆ بھتہ خوروں کے صفایا تک کراچی میں امن نہیں ہوسکتا۔ (منور حسن)

انہوں نے سرکار دربار میں ملازمت کرلی ہے سرکار!

☆ اعتزاز احسن ۲۰ کروڑ اور بابر اعوان ۲۶ کروڑ روپے کے مالک (ایک خبر)

غریبوں کی نمائندہ...... پی پی پی

☆ پاکستان کی سالمیت پر آنچ نہیں آنے دیں گے (فردوس عاشق اعوان)

ڈرون حملے...... ایبٹ آباد حملہ...... سلالہ چیک پوسٹ پر حملہ...... ''پاکستان کی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے''

☆ پیٹرول مہنگا ہے تو عوام پیدل چلیں (راجہ پرویز اشرف)

ملامت بے شمار...... بیکار سرکار

☆ کرپشن جمہوریت کے لیے خطرہ ہے (بھارتی سپریم کورٹ)

اور اہلِ جمہوریت کرپشن کے بادشاہ ہیں۔

☆ حسین حقانی پر پابندی ختم ہونے پر خوشی ہے (امریکہ)

''ریمنڈ ڈیوس کی رہائی پر بھی ہمیں ایسی ہی خوشی ہوئی تھی''



© rasailojaraid.com